سوال

(508) کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی ممانعت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی ممانعت میں حدیث پیش کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا عمر لا تبل قائماً۔ (رواہ ترمذی) اے عمر کھڑے ہو کر پیشاب نہ کر، یہ حدیث ضعیف ہے، اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ کھڑے ہو کر پیشاب کیا تھا جیسا کہ بخاری وغیرہ میں ہے، مگر آپ کی یہ عام عادت نہ تھی، بلکہ مائی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں۔ جو شخص یہ کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے، اس کی بات نہ مانو، آپ صرف بیٹھ کر پیشاب کرتے تھے۔ (احمد، ترمذی)

حضرت العلام حافظ محمد صاحب (الاعتصام جلد نمبر ۳۰، شمارہ نمبر ۳)

تشریح:... حدیث حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگرچہ ضعیف ہے لیکن فعلی حدیث قولی حدیث کی مؤید ہے لہٰذا حدیث عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنداً ضعیف ہے اور معنیً صحیح ہے۔

فافہم تدبر

الراقم علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان ۲۷۔ ۱۔ ۲ مورخہ

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 44